## گلگت میں جاری امن وامان کی غیر یقینی صورتحال پر الطاف حسین کا اظہارِ تشویش

لندن۔۔۔25، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے گلگت میں گزشتہ کئی روز سے جاری امن وامان کی غیر یقینی صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ملک کو اس وقت سیلاب جیسی قدرتی آفت کا سامنا ہے ایسے میں انتہا پسند دہشت گرد عناصر سیلاب کی آڑ میں اپنے مذموم مقاصد کو حاصل کرنا چاہتے ہیں اور حالیہ واقعات بھی اس ہی سلسلے کی کڑی ہیں۔ انہوں پر تشدد واقعات کی سخت ترین مذمت کرتے ہوئے عوام سے پرُامن رہنے کی اپیل کی ہے کہ وہ اپنی صفوں میں اتحاد کو برقرار رکھیں اور آپس میں بھائی چارگی کی فضاء کو برقرار رکھیں۔ انہوں حالیہ دہشت گردی کے واقعات میں شہید اور زخمیوں ہونیوالے افراد کی جلد مکمل صحتیابی کیلئے دعا بھی کی۔ جناب الطاف حسین نے صدرِ مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم پاکستان یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ وہ گلگت میں امن وامان کی غیر یقینی صوتحال کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث افراد کیخلاف فلفور قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے۔

## گلگت میں اہلسنت اور اہل تشیع مسلک کے افراد کو فائرنگ کرکے شہید کرنے کے واقعات فرقہ وارانہ فسادات کی سازش ہے، ارکان قومی اسمبلی

## حق پرست ارکان قومی اسمبلی گلتستان کے ضلع اسکردو میں گاڑی دریا میں گرنے کے حادثے پر اظہار افسوس

کراچی۔۔۔25، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی حیدر عباس رضوی، سفیان یوسف اور صلاح الدین نے گلگت میں اہلسنت اور اہل تشیع مسلک سے تعلق رکھنے والے افراد کو فائرنگ کرکے شہید کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور قتل وغارتگری کے واقعات کو گلگت میں فرقہ وارانہ فسادات کی آگ بھڑکانے کی گھناؤنی سازش قرار دیا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ ایک سوچی سمجھی سازش کے ذریعے گلگت میں فرقہ وارانہ فسادات کرانے کیلئے تسلسل کے ساتھ دہشت گردی کی مذموم کاروائیاں کی جارہی ہے جن میں مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد کو نشانہ بنایا جارہا ہے تاکہ ایک بھائی کو دوسرے بھائی سے لڑایا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ شر پسند عناصر ملک میں عدم استحکام پیدا کرنا چاہتے ہیں اور ملک میں انارکی کی صورتحال پیدا کرکے اتحاد بین المسلمین کو نقصان پہچانا چاہتے ہیں۔ انہوں نے دہشت گردی کی کاروائیوں میں شہید ہونے والے اہلسنت اور اہل تشیع افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور شہداء کی مغفرت کیلئے دعا بھی کی۔ حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدرِ مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم پاکستان یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا ہے کہ گلگت میں دہشت گردی کے واقعات میں اہلسنت اور اہل تشیع افراد کی شہادت میں ملوث افراد کو فی الفور گرفتار کیا جائے اور انہیں قانون کے مطابق سخت سزادی جائے۔

دریں اثناء حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے بلتستان کے ضلع اسکرو و میں گزشتہ روز آسمانی موڑ کے قریب گاڑی دریا میں گرنے کے المناک حادثے میں ایک شخص کی ہلاکت اور متعدد افراد کے لاپتہ اور زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا ظہار کیا ہے۔ اپنے مشترکہ تعزیتی بیان میں ارکانِ قومی اسمبلی نے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی اللہ تعالیٰ جاں بحق ہونیوالے افراد کی مغفرت فرمائے اور زخمیوں کو جلد مکمل صحتیابی عطا کرے۔ (آمین)

## ایم کیوایم فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے مزید چار ٹرک امدادی سامان سیلاب متاثرین میں تقسیم کیلئے حیدرآباد سکھر روانہ کردیئے گئے،

## متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شاکر علی، اشفاق منگی نے حق پرست صوبائی مشیر برائے وزیر اعلیٰ سندھ کے مشیر غلام احمد راہو اور خواجہ اظہارالحسن نے حیدرآباد، نوشہروفیروز، مورو، دادو، بند اور امدادی کیمپوں کا دورہ

کراچی۔۔۔25، اگست 2010ء

ایم کیوایم کے تحت فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے مزید چار ٹرک امدادی سامان سیلاب متاثرین میں تقسیم کیلئے سکھر روانہ کردیئے گئے، امدادی سامان ٹرکوں کے ذریعے کراچی کینٹ اسٹیشن پہنچایا جائے گا جہاں سے بذریعہ ٹرین امدادی سامان سکھر روانہ ہوگا۔ امدادی ٹرک ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سید شعیب احمد بخاری، سیف

یارخان اورکیف الوریٰ نے اپنی نگرانی میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدردفتر واقع فیڈرل بی ایریا سے روانہ کئے،امدادی سامان میں بھاری مقدارمیں جان بچانے والی ادویات، پینے کا صاف پانی اوربچوں،خواتین،مردوں کیلئے سلے سائے نئے ملبوسات کے علاوہ غذائی اجناس شامل ہیں جس کی مجموعی مالیت ایک کروڑ روپے ہے جبکہ تیرہ کروڑ روپے مالیت کاامدادی سامان وغذائی اجناس اورادویات پہلے ہی سیلاب متاثرین میں تقسیم کیلئے بھیجاجاچکا ہےاس طرح خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے سیلاب زدگان کوبھیجی امداد کی کل مالیت چودہ کروڑ روپے تک پہنچ چکی ہے۔اس طرح حیدرآباد زون کے زونل انچارج محمد شریف واراکینِ زونل کمیٹی نے اندرونِ سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن فرید سمیت سیکٹر و یونٹس کمیٹیوں کے ذمہ داران وکارکنان کے ہمراہ حیدرآباد بچاؤ بند کا دورہ کیا۔اس موقع پرانہوں نے سیلاب زدگان کی امداد کیلئے جاری امدادی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔اس دوران انہوں نے متاثرین سیلاب میں غذائی اجناس بھی تقسیم کیں۔بعدازاں متاثرین سیلاب نے ایم کیوایم حیدرآباد زون کے کارکنان وذمہ داران اور قائدتحریک جناب الطاف حسین کا غذائی اجناس تقسیم کرنے پرشکریہ ادا کیا۔اس سے قبل متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن شاکرعلی اورحق پرست صوبائی مشیر برائے وزیراعلیٰ سندھ خواجہ اظہارالحسن نے حیدرآباد،نوشہروفیروز،مورو،دادو،بنداورامدادی کیمپ کا دورہ کیا۔اس موقع پرانہوں نے سیلابی ریلے سے ہونیوالی تباہ کاریوں کا جائزہ بھی لیااوروہامتاثرہ عوام سے ملاقات بھی کی اورانہیں قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے ہرممکن تعاون کا یقین دلایا۔دریں اثناءمتحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی،ویزاعلیٰ سندھ کےمشیرغلام حیدرراہونے ہندوبرادری کی جانب سے تین روزہ جاری زندہ پیر کے میلے میں شرکت کی۔اس موقع پرحق پرست تعلقہ کونسل کےممبرڈاکٹرسیول داس سمیت ہندو پنجائیت کے پرکاش لعل،کفیہ لعل بھی موجود تھے۔رکن رابطہ کمیٹی اشفاق منگی اور غلام حیدر رہوانے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے اپنی نیک خواہشات کا اظہار بھی کیا۔بعدازاں رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی وزیراعلی سندھ کےمشیرغلام حیدرراہونے ہندوبرادری سے سیلاب زدگان اور قائدتحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمرکیلئے خصوصی دعاؤں کی درخواست کی۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت اندرون سندھاورصوبہ پنجاب میں سیلاب زدگان مریضوں کیلئے قائم کئے گئے فیلڈاسپتالوں سے روزانہ کی بنیاد پر ہزاروں مریض مستفید ہورہے ہیں

## فیلڈاسپتالوں میں چودہ کروڑ مالیت کی ادویات فراہم کی گئیں ہیں جن میں گیسٹرو، ہیضہ، پیٹ اورجلد کے امراض سمیت جان بچانے والی ادویات کی بڑی مقدارشامل ہے

کراچی۔۔۔25،اگست2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت سیلاب زدگان کوطبی سہولیات کی فراہمی کیلئے اندرون سندھاورصوبہ پنجاب میں قائم گئے گئے فیلڈاسپتالوں سے روزانہ کی بنیاد پرمختلف امراض میں مبتلا ہزاروں مریض مستفید ہورہے ہیں۔یہ فیلڈاسپتال اندرون سندھ میں سکھر،شکارپور،کندھکوٹ،کشمور،جامشورواورصوبہ پنجاب میں لاہور،جامپور،راولپنڈی اورگجرانوالہ میں قائم کئے گئے ہیں جہاں ایم کیوایم میڈیکل ایڈکمیٹی کے ماہرڈاکٹرز نے مختلف امراض میں مبتلا سیلاب زدگان مریضوں کاتفصیلی چیک اپ کیا،انہیں ڈرپس لگائیں اور بھاری مالیت کی ادویات مفت فراہم کی۔فیلڈاسپتالوں میں مجموعی طور پرچودہ کروڑ مالیت کی ادویات فراہم کی گئیں ہیں جن میں گیسٹرو، ہیضہ، پیٹ اور جلد کےمختلف امراض سمیت جان بچانے والی ادویات کی بڑی مقدارشامل ہے۔ایم کیوایم کے تحت قائم کئے گئے فیلڈاسپتالوں میں مریضوں کا ہجوم دکھائی ہوتا ہےاور یہاں مریضوں کی روزانہ بے شمارقطاروں کی قطاریں لگتی ہیں۔تاہم اس کے باوجودکسی قسم کی بدانتظامی دیکھنے میں نہیں آئی۔خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت سکھرمیں قائم کئے گئے فیلڈ اسپتال سے آج 3577،کشمور کے فیلڈاسپتال سے 2100،شکارپورمیں قائم فیلڈاسپتال میں 1081 مریضوں کوطبی سہولیات اورادویات فراہم کی گئیں اسی طرح صوبہ پنجاب میں قائم فیلڈاسپتالوں پربھی مجموعی طور پر ہزاروں مریضوں نے رابطہ کیا جن میں خواتین،بوڑے،جوان اور بچے بھی شامل تھے۔اندرون سندھ اورصوبہ پنجاب میں قائم فیلڈ اسپتالوں سے استفادہ کرنے والے مریضوں نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سیلاب زدگان کوطبی سہولیات کی فراہمی کیلئے قائم کئے گئے ایم کیوایم کے فیلڈاسپتال اس مصیبت کی گھڑی میں ہمارے لئےنعمت ہیں اوردعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ سیلاب زدگان کوطبی سہولیات کی فراہمی میں مصروف ایم کیوایم،خدمت خلق فاؤنڈیشن کے ایک ایک کارکن اوررضا کارکومزیدانسانیت کی خدمت کا جذبہ عطافرمائے۔اس موقع پرانہوں نے قائدتحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر،صحت اورتندرستی کیلئے خصوصی دعائیں بھی کیں۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کا اظہارِتعزیت

کراچی ۔۔۔25، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 181 کے کارکنان عظیم احمد، وسیم احمد کے والد بابو خان، ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 154 کے کارکن عبدالقادر کی والدہ محترمہ ساجدہ صابر بیگم، ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر کے جوائنٹ سیکٹر انچارج کے والد محمود اعظم، نوابشاہ زون کے زونل کمیٹی ممبر سرور کی ہمشیرہ محترمہ شازیہ، اور ایم کیوایم اورنگی سیکٹر یونٹ 118-A کے کارکن آرزو کے بڑے بھائی محمد صلاح الدین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارن سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## بشیر احمد بلور ذہنی مریض کے بعد اب اخلاقی دیوالیہ پن کا بھی شکار ہو چکے ہیں، ارکان سندھ اسمبلی
## عوام کو بتایا جائے جمہوریت کے دعوے کرنے والے کہاں سے ڈکٹیشن لیتے ہیں

کراچی ۔۔۔25، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے عوامی نیشنل پارٹی کے رہنما اور وفاقی وزیر برائے ریلوے بشیر احمد بلور کی جانب سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بیان پر ہرزہ سرائی کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ بشیر احمد بلور ذہنی مریض کے بعد اب اخلاقی دلوایہ پن کا شکار ہو چکے ہیں۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک کے واحد رہنما ہیں جنہوں نے غریب و متوسط طبقے کی قیادت کو ملک کے منتخب ایوانوں میں عملی طور پر پہنچایا ہے اور بعقول بشیر احمد بلور جناب الطاف حسین مارشل کی پیداوار ہوتے تو انہیں ملٹری کورٹس سے کوڑوں اور قید کی سزا نہ ملتی۔انہوں نے کہا کہ بشیر احمد بلور جناب الطاف حسین اور ان کے بیان پر تنقید کرنے کے بجائے اپنے گریباں میں جھانکیں اور ملک کے عوام کو بتائیں کہ انہوں نے جمہوریت کے استحکام، مضبوطی اور تسلسل کیلئے کیا کارنامے انجام دیئے ہیں۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے بشیر احمد بلور کو مشورہ دیا کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین پر بلا جواز تنقید کرنے کے بجائے اپنا ذہنی علاج کرائیں اور عوام کو بتائیں کہ جمہوریت کی باتیں کرنے والے کہاں سے ڈکٹیشن لیتے ہیں۔

## گلگت و بلتستان میں بڑھتی ہوئی مہنگائی اور روزمرہ استعمال کی اشیاء کی قیمتوں میں اضافے کا فی الفور نوٹس لیا جائے، ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی

کراچی ۔۔۔25، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ صوبائی تنظیمی کمیٹی کے انچارج وارا کین نے گلگت و بلتستان میں طوفانی بارشوں اور لینڈ سلائیڈنگ کے سبب راستے بند ہوجانے کے سبب بڑھتی ہوئی مہنگائی پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں صوبائی تنظیمی کمیٹی کے انچارج وارا کینِ کمیٹی نے کہا کہ گلگت بلتستان میں حالیہ طوفانی بارشوں اور لینڈ سلائیڈنگ کے سبب جہاں قیمتی انسانی جانیں ضائع ہوئی ہیں وہیں لوگوں کی املاک بھی تباہ ہوگئی ہیں۔انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان میں آمدورفت کے ذرائع بند ہوجانے کے باعث روزمرہ استعمال کی اشیاء کی قیمتیں آسمان سے باتیں کررہی ہیں، آٹا، دال، چاول، چینی، خوردنی تیل، گھی، پیٹرول، ڈیزل عوام کی پہنچ سے بہت دور ہوچکی ہیں اور حکومتی سطح اس سلسلے میں کوئی مثبت اقدامات دیکھنے میں نہیں آرہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات کے پیش نظر حکومت نے ملک بھر کے غریب عوام کو مہنگائی کے تحفے کے سوا کچھ نہیں دیا اور رمضان المبارک کے مہینے میں عوام کو مکمل ریلیف دینے کے بجائے انہیں ذہنی کرب اور پریشانی میں مبتلا کردیا گیا ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے انچارج وارا کین نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم پاکستان یوسف رضا گیلانی اور گلگت بلتستان کے وزیر اعلیٰ سید مہدی شاہ سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ روزمرہ اشیاء کی قیمتوں میں اضافے کا فی الفور نوٹس لیں اور مہنگائی کے خاتمے اور غریب عوام کو ریلیف پہنچانے کیلئے مثبت اور ٹھوس اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

## کوئٹہ میں پی پی پی شیر پاؤ کے صوبائی صدر غلام مصطفیٰ کے قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔25، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کوئٹہ کے علاقے سوراب بازار میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے پی پی پی شیر پاؤ کے صوبائی صدر غلام مصطفیٰ کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے مطالبہ کیا کہ غلام مصطفیٰ کے بہیمانہ قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے اوراس میں ملوث دہشت گردوں کو فی الفور قانون کی گرفت میں لیکر قرار واقعی سزادی جائے۔رابطہ کمیٹی نے پی پی پی شیر پاؤ کے عہدیداران، کارکنان اور مقتول غلام مصطفیٰ کے تمام سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور مقتول کی مغفرت اور بلند درجات کیلئے دعا بھی کی۔

## جیکب آباد با اثر جاگیردار نے اپنی زمینیں اور جائیداد بچانے کیلئے کھیر تھر کینال میں شگاف لگا کر شہری آبادکو خطرے میں ڈال دیا
## جاگیردار کی جانب سے کھیر تھر کینال میں با اثر جاگیردار کی جانب سے شگاف لگانے کا نوٹس لیا جائے، ہرگن داس اور اکرم عادل

کراچی۔۔۔25/اگست 2010ء

ضلع جیکب آباد کے بااثر جاگیردار نے اپنی جائیداد اور زمینوں کو بچانے کیلئے شیرانپور کے قریب کھیر تھر کینال بند کو تین جگہوں سے کٹ لگادیا جس کے باعث سیلابی ریلہ رتوڈیرو، گڑہی یاسین، میروخان اور سجاول شہروں کی جانب بڑھنا شروع ہوگیا اور ان شہروں کو شدید خطرہ لاحق ہوگیا جبکہ آبادیوں کے عوام میں شدید خوف وہراس پھیل گیا ہے اور لوگ اپنی جان، مال مویشی بچانے کیلئے ان علاقوں سے محفوظ مقامات پر منتقل ہورہے ہیں۔واقعے کی اطلاع ملتے ہی حق پرست اقلیتی رکن سندھ اسمبلی ہرگن داس نے جیکب آباد زونل کمیٹی کے انچارج عبید بلیدی واراکین اور دیگر ذمہ داران کے ہمراہ کھیر تھر کینال کا ہنگامی دورہ کیا اور جائے وقوعہ کا جائزہ لیا۔انہوں نے لوگوں سے ملاقات بھی کی اور ایم کیوایم کی جانب سے ہرممکن تعاون کا یقین دلایا۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین سندھ اسمبلی ہرگن داس اور محمد اکرم عادل نے ضلع جیکب آباد کے بااثر جاگیردار کی جانب سے اپنی زمینوں اور جائیداد کو بچانے کیلئے ضلع جیکب آباد کے علاقے شیرانپور کے قریب گھیر تھر کینال میں کٹ لگا کر سیلابی پانی کا رخ آبادیوں کی جانب موڑنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اوراس اقدام کو غریب عوام کے ساتھ سراسر ظلم غیر قانونی وغیرانسانی قرار دیا ہے۔اپنے ایک مشترکہ بیان میں ارکان سندھ اسمبلی کہا کہ سندھ سے تعلق رکھنے والے بااثر جاگیردار نے اپنے جائیداد اور زمینوں کو بچانے کیلئے شیرانپور کے قریب کھیر تھر کینال کو تین مقامات پر کٹ لگوادیئے جس کے باعث سیلابی پانی سے رتوڈیرو، گڑہی یاسین، میروخان اور سجاول شہر کی جانب سے بڑھنے لگا اور جس سے ان شہروں اور وہاں کے عوام کو شدید خطرہ لاحق ہوگیا اور شہروں کا سیلابی پانی سے ڈبنے کا خدشہ ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت نے سب سے پہلے گڑہی خدا بخش کو بند دلوانے کیلئے احکامات جاری کیے ہیں۔حق پرست اراکین سندھ اسمبلی ہرگن داس اور اکرم عادل نے وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ، صوبائی وزیر داخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا ہے کہ جیکب آباد میں بااثر جاگیردار کی جانب سے کھیر تھر کینال میں شگاف لگانے کا نوٹس لیا جائے اور شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں۔

☆☆☆☆☆